امتحانی پرچہ اُردو لازمی برائے جماعت نہم (IX) کی تیاری کے لیے ہدایات

اُردو لازمی برائے جماعت نہم (IX) کا پرچہ 75 نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ معروضی طرز 15 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 20 منٹ ہوگا۔ انشائی طرز 60 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 2:10 گھنٹے ہوگا۔

(نوٹ: مصنفین اور شعرا کے تعارف میں سے، بورڈ کے امتحان میں کسی قسم کا سوال نہیں پوچھا جائے گا۔)

پرچہ مرتبین درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:۔

معروضی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:1 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	1x15=15 کل نمبر:15	**حصہ درسی کتاب: اس حصے میں کل دس (10) سوالات ہوں گے۔** ● مجوزہ حصہ نثر میں سے سات (7) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ہر ایک سبق میں سے ایک سے زیادہ کثیر الانتخابی سوال نہ بنایا جائے۔ ● مجوزہ حصہ نظم میں سے دو (2) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ● مجوزہ حصہ غزل میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ **حصہ قواعد: اس حصے میں کل پانچ (5) سوالات ہوں گے۔** ● **مذکر مؤنث** (اُردو قواعد وانشا: ص 13 تا 14) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ● **واحد جمع** (اُردو قواعد وانشا: ص 15 تا 19) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ● **مترادف الفاظ** (اُردو قواعد وانشا: ص 28 تا 29) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ● **متضاد الفاظ** (اُردو قواعد وانشا: ص 29 تا 31) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔ ● **محاورات** (اُردو قواعد وانشا: ص 52 تا 58) میں سے ایک (1) کثیر الانتخابی سوال (MCQ) بنایا جائے۔

انشائی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:2 اشعار کی تشریح (نظم + غزل)	2x5=10 کل نمبر:10	• مجوزہ پانچ (5) نظموں میں سے کوئی سی چار (4) نظموں کا ایک ایک شعر دیا جائے، جن میں سے کوئی سے تین (3) اشعار کی تشریح درکار ہے۔ • مجوزہ تین (3) غزلوں میں سے ہر غزل کا ایک ایک شعر دیا جائے، جن میں سے کوئی سے دو (2) اشعار کی تشریح درکار ہے۔
سوال:3 پیراگراف کی تشریح	کل نمبر:10	• مجوزہ سات (7) نثری اسباق میں سے، پہلے چار اسباق (اخلاقِ حسنہ، اپنی مدد آپ، کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ اور نام دیو۔مالی) میں سے کوئی ایک پیراگراف اور باقی تین اسباق (آرام وسکون، کتبہ اور لڑی میں پروئے ہوئے منظر) میں سے کوئی ایک پیراگراف تشریح کے لیے دیا جائے۔ ہر پیراگراف کے کُل تین الفاظ/تراکیب کو خط کشید کیا جائے۔ دیے گئے دو پیراگراف میں سے کسی ایک کی تشریح درکار ہے۔نمبروں کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: ☆ مصنف کا نام:1 نمبر ☆ خط کشیدہ الفاظ/تراکیب کے معنی:3 نمبر ☆ سبق کا نام:1 نمبر ☆ تشریح: 5 نمبر

سوال:4 مختصر سوالات کے جوابات	2x5=10 کل نمبر:10	• اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جوابات درکار ہیں۔ • حصہ نثر میں سے چار (4) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ سات (7) نثری اسباق میں سے، پہلے چار اسباق (اخلاقِ حسنہ، اپنی مدد آپ، کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ اور نام دیو۔ مالی) میں سے کوئی دو سوالات اور باقی تین اسباق (آرام وسکون، کتبہ اور لڑی میں پروئے ہوئے منظر) میں سے دو سوالات بنائے جائیں۔ • حصہ نظم میں سے دو (2) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ پانچ نظموں میں سے، تین نظموں (حمد، نعت اور محنت کی برکات) میں سے ایک سوال اور باقی نظموں (جاوید کے نام اور پیامِ لطیف) میں سے ایک سوال بنایا جائے۔ • حصہ غزل میں سے دو (2) سوالات بنائے جائیں۔ مجوزہ تین شعرا (میر تقی میر، ناصر کاظمی اور پروین فنا سیّد) کی غزلوں میں سے کوئی سی دو غزلوں سے ایک ایک سوال بنایا جائے۔
سوال:5 نثری سبق کا خلاصہ	کل نمبر:5	• مجوزہ سات (7) نثری اسباق میں سے، پہلے چار اسباق (اخلاقِ حسنہ، اپنی مدد آپ، کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ اور نام دیو۔ مالی) میں سے کوئی ایک سبق منتخب کیا جائے اور باقی تین اسباق (آرام وسکون، کتبہ اور لڑی میں پروئے ہوئے منظر) میں سے کسی ایک سبق کا انتخاب کیا جائے۔ دیے گئے دو اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ درکار ہے۔
سوال:6 نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال	کل نمبر:5	• مجوزہ پانچ (5) نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ یا کسی ایک کا مرکزی خیال پوچھا جائے۔ • مجوزہ تین نظموں (حمد، نعت اور محنت کی برکات) میں سے کسی ایک کا اگر خلاصہ پوچھا ہے تو باقی دو نظموں (جاوید کے نام اور پیامِ لطیف) میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال پوچھ لیا جائے۔ اسی طرح اگر مجوزہ تین نظموں (حمد، نعت اور محنت کی برکات) میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال پوچھا ہے تو باقی دو نظموں (جاوید کے نام اور پیامِ لطیف) میں سے کسی ایک کا خلاصہ پوچھ لیا جائے۔

سوال:7 درخواست/ خط	کل نمبر:10	• مجوزہ حصہ قواعد میں شامل درخواستوں/خطوط میں سے کوئی ایک درخواست یا کوئی ایک خط لکھنے کو کہا جائے۔نمبروں کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: **برائے درخواست نویسی (اُردو قواعد وانشا:ص80 تا82):** • طرزِ تخاطب:1 نمبر، موضوع/عنوان:1 نمبر، جنابِ عالی!:1 نمبر، نفسِ مضمون:5 نمبر ،درخواست گزار کا نام و پتا:1 نمبر،تاریخ:1 نمبر **برائے خط نویسی (اُردو قواعد وانشا:ص73 تا79):** • مقامِ تحریر:1 نمبر، تاریخِ تحریر:1 نمبر،القاب وآداب:1 نمبر نفسِ مضمون:6 نمبر،مکتوب نگار کا نام و پتا:1 نمبر
سوال:8 کہانی/ مکالمہ	**کل نمبر:5**	• شاملِ نصاب کہانیوں (اُردو قواعد وانشا:ص 93 تا 103) اور مکالموں (اُردو قواعد وانشا: ص86 تا91) میں سے کوئی ایک کہانی یا کوئی ایک مکالمہ لکھنے کو کہا جائے۔
سوال:9 درستی/تکمیل	**کل نمبر:5**	• اس سوال میں اُردو قواعد وانشا میں شامل نصاب ''نے'' اور ''کو'' (اُردو قواعد وانشا:ص43 تا 44) کا استعمال، فعل کی فاعل سے مطابقت (اُردو قواعد وانشا:ص44)، اسم صفت اور اسم موصوف میں مطابقت (اُردو قواعد وانشا: ص 44)، اسم ضمیر اور مرجع کی مطابقت (اُردو قواعد وانشا:ص45) میں سے چار(4) اجزا دیے جائیں گے۔ • ضرب الامثال (اُردو قواعد وانشا:ص58 تا61) میں سے تین(3) اجزا دیے جائیں گے۔ • دیے گئے سات(7) اجزا میں سے پانچ(5) اجزا کے جوابات درکار ہیں۔